© rasailojaraid.com



شاہ بلیغ الدین رحمۃ اللہ علیہ

# سیّدۂ عالم

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ...... بیٹی کیا تم اس بات کو پسند کرتی ہو جس کو میں پسند کرتا ہوں، حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا کہ...... جی ہاں، تاریخ اور حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا ہر اس چیز سے محبت کرتی تھیں جس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم محبت کرتے تھے۔ چنانچہ صحیح بخاری میں ایک واقعہ ہے کہ ایک دن حضرت ختمی مرتبت صلی اللہ علیہ وسلم ان کے گھر تشریف لے گئے لیکن دروازے تک پہنچ کر رک گئے اور پھر الٹے پاؤں لوٹ گئے۔ اتنے میں حضرت علی رضی اللہ عنہ بھی اپنے گھر پہنچ گئے۔ یہ بات کہ اللہ کے رسول گھر تک آئے اور گھر میں داخل نہ ہوئے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو بھی معلوم ہوگئی تھی۔ انھوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے اس کا تذکرہ کیا۔ یہ سن کر دونوں اسی وقت جناب نبیٔ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور بڑے ادب سے آپ کے لوٹ جانے کی وجہ پوچھی۔ اگر صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم میں سے کسی کو بھی یہ معلوم ہوتا کہ اللہ کے رسول کسی بات پر ناراض ہیں تو ان کی نگاہوں میں دنیا تاریک ہو جاتی۔ حضرت علی اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہما کے لیے تو اللہ کے رسول کی ناراضی اور بھی معنی رکھتی تھی۔ اس لیے ایک لمحہ ضائع کیے بغیر دونوں نے چاہا کہ جو غلطی یا سہوان کے گھرانے سے ہوا ہے اُسے فوری دور کردیں۔ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ...... میں نے تمھارے گھر کے دروازے پر ریشمی پردہ لٹکا ہوا دیکھا تو لوٹ آیا کہ...... مجھے دنیا سے کیا مطلب؟ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے لیے اور اپنے اہل وعیال کے لیے سادہ زندگی کو پسند فرمایا تھا۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے کہا...... آپ ہمیں حکم دیں کہ ریشمی پردے کے بارے میں آپ کیا چاہتے ہیں؟ ارشاد ہوا کہ...... اسے فلاں شخص کے گھر والوں کے پاس بھیج دو! وہ ضرورت مند ہیں۔ مطلب تھا کہ وہ اسے بیچ کر اپنی ضرورت پوری کرلیں گے۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کونسی ان چیزوں کی دلدادہ تھیں۔ کہیں سے یہ پردہ آگیا تھا تو اسے کام میں لے آئی تھیں، اب معلوم ہوا کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو پسند نہیں تو فوراً اسے اُتار کر اللہ کے نام پر دے دیا کہ نبوی تربیت کا تقاضہ یہی تھا۔

وہ جو اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تھا کہ تم اُسے پسند کرو جسے میں پسند کروں اس واقعے کی تفصیل صحیحین میں ہے۔ امام بخاری کے پاس کتاب الہبہ میں اور امام مسلم کے پاس باب فضائل میں کہ ایک مرتبہ اُمہات المؤمنین رضی اللہ عنہن میں سے کچھ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو آقائے دو جہاں صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بھیجا۔ گزارش یہ تھی کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم، صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم سے فرمائیں کہ وہ صرف اُس دن تحفے اور ہدیے نہ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بھیجیں جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس مقیم ہوں بلکہ بلا امتیاز، ہر بیوی کی باری کے دن تحفے بھیجا کریں۔ اس بارے میں ایک مرتبہ اس سے پہلے اُمّ المؤمنین اُمّ سَلمہ رضی اللہ عنہا بھی گفتگو کر چکی تھیں۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے ازواجِ مطہرات رضی اللہ عنہن میں سے چند کا یہ پیام اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو پہنچایا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ...... اے بیٹی کیا تم اس بات کو پسند کرتی ہو جسے میں پسند کرتا ہوں؟ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے جواب دیا: جی ہاں یا رسول اللہ! تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا...... پھر تم عائشہ سے محبت کرو!

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم محبت سے حمیرا پکارا کرتے، کبھی یا عائش پکارتے۔ ارشاد تھا کہ سوائے ان کے کسی اور کی چادر میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی نہیں اتری۔ اُمّت کی عورتوں کو جتنا علم حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے ملا کسی اور سے نہیں ملا۔ ان کی فضیلت کے لیے یہی ایک بات کیا کم ہے اُمّتِ مسلمہ کو تیمّم کی سہولت انھیں کی وجہ سے ملی۔ قرآن اُن کی عظمت کی تصدیق کرتا ہے اسی لیے جبرئیل علیہ السلام رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعے انھیں سلام کہلواتے۔ اُمّہات المؤمنین میں کوئی اور نہیں جس نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے برابر حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے علم سیکھا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ بڑے بڑے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم قرآن وحدیث پر ان کی نظر کے قائل تھے اور اُن سے فقہی مسائل میں مشورہ کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے تبلیغِ دین کے لیے انھیں بیوگی کی لمبی عمر دی۔ اس دوران میں جو فیض ملتِ اسلامیہ کو ان کی ذات سے پہنچا وہ ہمیشہ باقی رہنے والا ہے۔ شاید اسی لیے اللہ تعالیٰ نے آسمانوں پر اپنے محبوب رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے ان کی شادی کی اور انھیں غیر معمولی قرآنی بصیرت سے سرفراز فرمایا۔

عورتوں میں سب سے زیادہ حدیثیں انھیں نے روایت کیں۔ ان کی ادبی شان بھی سب سے جدا ہے۔ ملت کی نئی نسل کو جو تربیت انھوں نے دی اس کی مثال دنیا کی کوئی عورت پیش نہیں کر سکتی۔ ملّت کی علمی اور اخلاقی تربیت کے ساتھ ساتھ وقت آنے پر انھوں نے ملّت کی سیاسی رہنمائی کا گراں بہا فریضہ بھی انجام دیا۔ فقۂ اسلامی کے ایک تہائی سے زیادہ مسائل ان کی وجہ سے حل ہوئے۔ وہ مومن ماں باپ کے گھر میں پیدا ہوئیں اور انھی کو حشر میں شافع محشر صلی اللہ علیہ وسلم کا ہاتھ پکڑ کر اٹھنے کا شرف حاصل ہوگا۔

امام بخاری کا کہنا ہے کہ...... جس طرح مَردوں میں خاتم المعصومین سب سے افضل ہیں اسی طرح عورتوں میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سب سے افضل ہیں۔

(مأخوذ از: تجلّی)



© rasailojaraid.com